21892-ہدایت یابی پر اپنے رب کا شکر اور تعریف کریں

سوال

میں شادی شدہ نوجوان ہوں، اور گانوں کی کیسٹیں خریدا کرتا تھا، میں ایک بار طلاق کی قسم اٹھائی کہ گانوں کی کیسٹیں نہیں خریدوں گا، اور اب دینی کیسٹیں خریدنا چاہتا ہوں ؟

پسندیدہ جواب

اپنے رب کی تعریف
اور اس کا شکر کریں کہ اللہ تعالی نے آپ کو ہدایت سے نوازا ہے، اور توبہ کرنے والا ایسے ہی ہے جیسے کسی کے گناہ نہ ہوں، آپ نے تو طلاق کی قسم اٹھائی تھی کہ گانوں کی کیسٹیں نہیں خریدیں گے، نہ کہ ہر قسم کی کیسٹ کی خریداری پر، لھذا آپ دینی کیسٹیں خرید کر سنیں، اور وہ کیسٹیں نہ خریدیں جس کی خریداری پر آپ نے طلاق کی قسم اٹھائی ہے.